15th G20 Leaders’ Summit

November 22, 2020

لیڈران کی چوٹی کانفرنس 20ویں جی 15

22 نومبر، 2020

1. وزیراعظم جناب نریندر مودی نے 22-21 نومبر کو2020 کو سعودی عرب کی طرف سے ورچوئل طریقے سے منعقد 15 ویں جی 20 چوٹی کانفرنس میں شرکت کی- جی20 چوٹی کانفرنس کے دوسرے دن کاایجنڈا ایک شمولیتی، مستحکم اور بہتر مستقبل بنانے اور کرۂ ارض کو محفوظ رکھنے کو لے کر ایک سائیڈ ایوینٹ پر مرکوز تھا۔
2. وزیراعظم نے اپنی تقریر میں اس بات پر زور دیا کہ کووڈ کےبعد کی دنیا میں شمولیتی، مضبوط اور مستحکم بازیافت کے لئے موثر عالمی نظام حکومت کی ضرورت ہے اور کثیر جہتی اداروں کا کردار، گورنینس اور طریقہ عمل وقت کی ضرورت ہے۔
3. وزیراعظم نے آگے مستحکم ترقیاتی اہداف کے لئے ایجنڈا 2030 کی اہمیت کو نمایاں کیا جس کا مقصد‘ کسی کو بھی پیچھے نہیں چھوڑنا’ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت آگے بڑھنے کے لئے‘ ریفارم- پرفارم- ٹرانسفارم’ کے اسی حصول کی پیروی اور شمولیتی ترقی کی کوشش کررہا ہے جو اشتراکی ہو۔
4. کووڈ-19 وبائی مرض کے مد نظر بدلتے حالات کے ساتھ، انہوں نے کہا کہ ہندوستان نے ایک‘ آتم نربھر بھارت’ پہل کو اپنایا ہے۔ اپنی استعداد اورانحصار کی بنیاد پر اس نقطہ نظر کو اپناتے ہوئے بھارت عالمی اقتصادیات اور عالمی سپلائی کے سلسلے کا ایک اہم اور قابل اعتبار ستون بن جائے گا۔ عالمی سطح پر بھارت نے بین الاقوامی شمسی اتحاد اور قدرتی آفات کے لیے مزاحم بنیادی ڈھانچہ پر عالمی اتحاد جیسے اداروں کے قیام کی بھی پہل کی ہے۔
5. ‘سیارہ کو محفوظ رکھنے پر’ منعقد ایک سائڈ ایونٹ میں ریکارڈ کیے گئے اپنے پیغام میں وزیر اعظم نے ماحولیاتی تبدیلی سے متحد ہوکر، بڑے پیمانے پر اور جامع طریقے سے لڑنے کی ضرورت پر بات کی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نہ صرف پیرس معاہدوں کے اہداف کو پورا کر رہا ہے بلکہ اس سے زیادہ کرے گا۔ انہوں نے زور دیکر کہا کہ ہندوستان ماحولیات کے ساتھ تال میل بناکر رہنے کے اپنی روایتی نظریہ سے متاثر ہے اور کم کاربن اور آب وہوا کے حساب سے لچیلے ترقی کے نظریہ کو اپنایاہے۔ انہوں نے کہا کہ انسانیت کی خوشحالی کے لئے ہر ایک آدمی کو خوشحال ہوناچاہئے اور ہمیں محنت کشوں کو صرف پیداوار کے ایک عنصر کے طور پر نہیں دیکھناچاہئے۔اس کے بجائے ہمیں ہر محنت کش

کے انسانی وقار پر دھیان دیناچاہئے۔ انہوں نے کہا کہ اس قسم کا نظریہ ہمارے سیارے کی حفاظت کے لئے سب سے اچھی گارنٹی ہوگا۔

6. وزیراعظم نے ریاض چوٹی کانفرنس کی کامیاب میزبانی کے لئے سعودی عرب کو مبارکباد دی اور 2021 میں جی 20 کی صدارت سنبھالنے کو لے کر اٹلی کااستقبال کیا۔ یہ فیصلہ لیا گیا ہے کہ جی 20 کی صدارت 2020 میں انڈونیشیا،2023 میں بھارت اور 2024 میں بزاریل کے پاس ہوگی۔
7. چوٹی کانفرنس کے آخر میں جی 20 لیڈران کا ایک اعلانیہ جاری کیاگیا جس میں ایک مجموعی عالمی کارروائی ، اتحاد اور کثیر جہتی تعاون کی اپیل کی گئی جس سے موجودہ چنوتیوں کو دور کرکے اور لوگوں کو مضبوط بناکر، سیارے کا تحفظ، نئے امکانات کو بروئے کار لا کر سبھی کے لئے 21 ویں صدی کے مواقع کو حاصل کیا جاسکے۔

نئی دہلی

22 نومبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.